تلنگانہ وقف بورڈ کا تاریخی اقدام

مرکز کے وقف ترمیمی بل کو مسترد۔ قرارداد کی منظوری

حیدرآباد۔ 26/ اگست (سفیر نیوز) تلنگانہ وقف بورڈ کا ایک ہنگامی اجلاس طلب کرتے ہوئے وقف ترمیمی بل کے خلاف قرارداد منظور کی گئی ہے اس طرح تلنگانہ وقف بورڈ ملک کا پہلا وقف بورڈ ہے جس نے وقف ترمیمی بل کے خلاف متفقہ طور پر قرارداد منظور کی ہے۔ چیرمین وقف بورڈ سید عظمت اللہ حسینی نے وقف ترمیمی بل 2024 کے ضمن میں بورڈ کا ایک خصوصی اجلاس طلب کیا تھا۔ اس اجلاس میں تلنگانہ سٹیٹ وقف بورڈ نے ایک قرارداد منظور کرتے ہوئے وقف ترمیمی بل 2024 کو مسترد کر دیا۔ اس بل کو وقف بورڈ کی خودمختاری کے لیے تباہ کن قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سے وقف کو بھاری نقصانات ہوں گے۔ اس طرح سے تلنگانہ اسٹیٹ وقف بورڈ ملک بھر کے تمام بورڈس میں ایسا پہلا بورڈ بن گیا ہے جس نے وقف ترمیمی بل 2024 کو مسترد کرنے کے لیے قرارداد منظور کی ہے۔ اس خصوصی اجلاس میں بورڈ کے دیگر ارکان میں مولانا ابوالفتح سید بندگی بادشاہ قادری، ایم اے کے مقیت، ایڈوکیٹ رکن بار کونسل، ملک معتصم خان، محترمہ عائشہ مسرت خانم آئی اے ایس، انچارج سی ای او وقف بورڈ لیاقت حسین بھی موجود تھے۔ اس اجلاس میں بورڈ کے ارکان نے وقف ترمیمی بل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ اس بل کو مسترد کرتے ہوئے یہ بتایا گیا کہ وقف ترمیمی بل 2024 بورڈس کی خود مختاری کو تباہ کرنے کے لیے بنایا گیا ہے۔ یہ بل وقف کا کنٹرول کلکٹر کے ہاتھ میں دیتا ہے اور کلکٹرس کو یہ اجازت دیتا ہے کہ وہ وقت جائیداد کو سرکاری قرار دے سکے۔ اس بل کے تحت متولیوں کو جو وقف جائیدادوں کے محافظ ہیں ان کو برخاست کرتے ہوئے انہیں کلکٹرس کے احکام کے پابند بناتا ہے۔ یہ بل سنٹرل وقت کونسل اور ریاستی وقف بورڈس کے تنظیمی ڈھانچوں کو بھی تباہ کرتا ہے۔ کونسل میں دو غیر مسلم ارکان کی شمولیت اور وقف بورڈس میں غیر مسلم ارکان کے تسلط کا اغاز کرتا ہے۔ یہ بل ملک کے فیڈرل ازم کے خلاف ہے، اس میں ریاستی حکومتوں کے رول کو ختم کرتے ہوئے مرکز کے اختیارات میں اضافہ کیا گیا ہے۔ بورڈ کے اجلاس میں رکن وقف بورڈ ورکن پارلیمنٹ حیدرآباد بیرسٹر اسد الدین اویسی اور دیگر ارکان نے شرکت کی۔

شہر حیدرآباد میں اربعین امام حسینؑ عقیدت واحترام سے منایا گیا

ہزاروں کی تعداد میں مومنین کی جلوس میں شرکت

حیدرآباد۔ / 26 اگست (سفیر نیوز) شہر حیدرآباد میں اربعین امام حسین علیہ السلام عقیدت و احترام سے منایا گیا جسکا آغاز مساجد میں اعمال روز اربعین سے ہوا۔ جلوس عزا میں ہزاروں کی تعداد میں مقامی و دیگر اضلاع اور بیرونی ریاستوں سے آئے مومنین نے شرکت کی اور مادر حسین علیہ السلام کو پرسہ دیتے ہوئے نزرانہ عقیدت پیش کیا۔ سالانہ مجلس اربعین کا آغاز کوٹلہ عالیجاہ جعفری گلی میں ہر سال کی طرح اس سال بھی وقت پر ہوا جس سے حجتہ الاسلام مولانا سید لقمان حسین موسوی نے خطاب کیا بعد مجلس علم مبارک مسجد جعفری سے برآمد ہوئے ڈی سی پی ساوتھ زون محترمہ اسنیہا مہرا، ایڈیشنل ڈی سی پی شیخ جہانگیر اور تمام انسپکٹرس موجود تھے۔ علم مبارک کے ہمراہ انجمن پروانہ شبیر نے کوٹلہ عالیجاہ سے ماتم کا نذرانہ پیش کیا، اسکے علاوہ جلوس میں شہر کے مختلف انجمنوں اور دیگر ریاست سے آنیوالی ماتمی انجمنوں نے نوحہ و ماتم کا نذرانہ پیش کیا، جلوس کے دوران پولیس کے وسیع تر انتظام تھے۔ جلوس کا آغاز کوٹلہ عالیجاہ سے ہوا اور برائے اعتبار چوک، میر عالم منڈی، پرانی حویلی سے ہوتا ہوا الاوہ سرطوق مبارک دارالشفا پر اختتام پذیر ہوا۔ مہمان عزاداورں کیلئے حیدرآباد کے مومنین کی جانب سے انکی رہائش گاہ اور کھانے پینے کے بہترین انتظامات کئے گئے۔ دوران جلوس علم مبارک امام سید الساجدین حضرت امام زین العابدین علیہ السلام اور روضہ حضرت امام حسین علیہ السلام کے پہلے زائر جابر ابن عبداللہ انصاری کا علم مبارک کو اپنے مقررہ مقام پر ملائے گئے۔ یہ اس وقت کی تاسی ہے جب امام حضرت زین العابدین علیہ السلام، شہزادی بی بی زینبؑ کے ہمراہ چہلم حضرت امام حسین علیہ السلام کیلئے کربلا پہنچے تھے تب جابر بن عبداللہ انصاری نے امام عالی مقام کا استقبال کیا تھا۔ شیعہ والنٹیرس نے جلوس میں صاف صفائی کے انتظامات کئے۔ جعفریہ ہاسپٹل اور دیگر طبی اداروں کی جانب سے عزاداروں کیلئے فرسٹ ایڈ کا انتظام کیا گیا اس کے علاوہ کئی مقامات پر سبیل وتبرک کا اہتمام کیا گیا۔ جلوس میں بلدیہ کے بہترین انتظامات رہے۔

خود پی ایم مودی نے پارلیمنٹ میں کسانوں کو آندولن جیوی کہا تھا

نئی دہلی۔ 26/ اگست (ایجنسی) بی جے پی رکن پارلیمنٹ کنگنا رانوت کے ذریعہ کسانوں کے تعلق سے دیے گئے قابل اعتراض بیان پر اپوزیشن پارٹیاں، خصوصا کانگریس زوردار انداز میں حملہ آور دکھائی دے رہی ہے۔ کانگریس نہ صرف کنگنا رانوت سے، بلکہ بی جے پی سے بھی معافی کا مطالبہ کر رہی ہے۔ اب اس معاملے میں کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے پی ایم مودی کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ انھوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر کیے گئے پوسٹ میں لکھا ہے کہ خود وزیر اعظم مودی جی نے بھری پارلیمنٹ میں کسانوں کو آندولن جیوی اور پرجیوی بتایا تھا ... یہاں تک کہ پارلیمنٹ میں شہید کسانوں کے لیے دومنٹ کی خاموشی اختیار کرنے سے بھی انکار کر دیا۔ جب مودی جی یہ سب خود کر سکتے ہیں تو ان کے حامیوں سے شہید کسانوں کی بے عزتی کے سوا ملک مزید کیا امید رکھ سکتا ہے۔ اس پوسٹ میں کانگریس صدر نے براہ راست پی ایم مودی کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے یہ بھی لکھ دیا کہ مودی جی نے ایم ایس پی پر کمیٹی اور کسان کی آمدنی دوگنی کرنے کا جھوٹا وعدہ بھی کیا تھا۔ یہ شرمناک اور انتہائی قابل مذمت کسان مخالف نظریہ مودی حکومت کا ڈی این اے ہے۔ دوسری طرف لوک سبھا میں حزب اختلاف کے لیڈر اور کانگریس رکن پارلیمنٹ راہل گاندھی نے کنگنا رانوت کے متنازعہ بیان کو بی جے پی کی کسان مخالف پالیسی اور نیت کا مزید ایک ثبوت قرار دیا ہے۔ راہل گاندھی نے ایکس پر کیے گئے پوسٹ میں لکھا ہے کہ کسانوں سے کیے گئے وعدوں کو پورا کرنے میں ناکام مودی حکومت کا بدتشہیری نظام لگاتار کسانوں کی بے عزتی کرنے میں مصروف ہے۔ 378 دن چلی میراتھن تحریک کے دوران 700 ساتھیوں کی قربانی دینے والے کسانوں کو بی جے پی رکن پارلیمنٹ کے ذریعہ زانی اور غیر ملکی طاقتوں کا نمائندہ کہنا بی جے پی کی کسان مخالف پالیسی اور نیت کا مزید ایک ثبوت ہے۔ راہل گاندھی نے اپنے پوسٹ میں بی جے پی رکن پارلیمنٹ کنگنا رانوت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ شرمناک کسان مخالف بیان مغربی اتر پردیش، ہریانہ اور پنجاب سمیت پورے ملک کے کسانوں کی شدید بے عزتی ہے، جسے کسی بھی صورت میں قبول نہیں کیا جا سکتا۔ وہ مزید لکھتے ہیں کہ کسان تحریک واپس لیتے وقت بنی سرکاری کمیٹی آج بھی ٹھنڈے بستے میں ہے، ایم ایس پی پر حکومت اپنا رخ آج تک صاف نہیں کر سکی، شہید کسانوں کے کنبوں کو کسی طرح کی راحت نہیں دی گئی اور اوپر سے لگاتار ان کی کردار کشی جاری ہے۔

17 پرائیویٹ اسپتالوں کیخلاف مقدمہ درج

سی ایم آر ایف ریلیف فنڈس میں فرضی دستاویزات سے سرکاری پیسہ ہضم کرنے کا الزام

حیدرآباد۔ 26/ اگست (سفیر نیوز) تلنگانہ میں اسپتالوں کے ذریعہ سرکاری امداد ہضم کرنے کا سنگین معاملہ سامنے آیا ہے۔ تلنگانہ سی آئی ڈی نے اس معاملے میں 17 پرائیویٹ اسپتالوں کے خلاف مقدمہ درج کیا ہے اور اب اس کی جانچ شروع کی جائے گی۔ ان اسپتالوں پر الزام عائد کیا جا رہا ہے کہ انھوں نے وزیر اعلی راحتی فنڈ (سی ایم آر ایف) سے پیسے نکالنے کے لیے فرضی دستاویزات جمع کیے۔ درج ایف آئی آر کے مطابق جن 17 پرائیویٹ اسپتالوں کے خلاف کارروائی کی گئی ہے، اس نے کچھ لوگوں کے ساتھ مل کر ریاستی حکومت کے اس پیسے کو ہضم کر لیا جو مریضوں کے لیے مدد کے لیے تھا۔ اس سلسلے میں جب جانکاری ملی تھی سی آئی ڈی کے افسران نے پیر کے روز مذکورہ کارپوریٹ اسپتالوں میں وسیع چھاپہ ماری کی۔ اس چھاپہ ماری کے دوران سی ایم آر ایف کے لین دین میں بے ضابطگی کا معاملہ سامنے آیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ریاستی حکومت کی ہدایت پر سی آئی ڈی نے گزشتہ ایک دہائی میں سی ایم آر ایف درخواستوں میں اہم بے ضابطگیوں کا پتہ لگانے کے بعد چھاپہ ماری شروع کی۔ جانچ میں پتہ چلا کہ اسپتال انتظامیہ نے ایجنٹس کے ساتھ ملی بھگت کر کے مبینہ طور پر سی ایم آر ایف فنڈ کو دھوکہ دہی سے حاصل کرنے کے لیے جالی اور غلط دستاویز تیار کیے۔ حاصل نتائج کے جواب میں سی آئی ڈی افسران نے متعلقہ اسپتال انتظامیہ کے خلاف معاملے درج کیے۔ چل رہی جانچ کے تحت کریم نگر، رنگا ریڈی، وارنگل اور میدک سمیت کئی اضلاع میں تیزی سے چھاپہ ماری کی اور پھر ان اسپتالوں کے خلاف مقدمہ درج کیا جو شبہات کے دائرے میں پائے گئے۔

جموں وکشمیر انتخاب

کانگریس، نیشنل کانفرنس کے درمیان سیٹوں کی تقسیم پر لگی مہر، 5 سیٹوں پر ہوگا دوستانہ مقابلہ

جموں۔ 26/ اگست (ایجنسی) جموں وکشمیر اسمبلی انتخاب کے پیش نظر کانگریس اور نیشنل کانفرنس کے اتحاد نے سیٹوں کی تقسیم کا مرحلہ طے پا لیا ہے۔ کانگریس اور نیشنل کانفرنس کے درمیان 85 سیٹوں پر معاہدہ طے پایا ہے، جبکہ 5 سیٹوں پر دوستانہ مقابلہ کا اعلان کیا گیا ہے۔ آج دہلی میں ہوئی ایک میٹنگ کے دوران سیٹوں کی تقسیم پر سبھی پارٹیوں میں اتفاق قائم ہوا اور پھر اس پر مہر ثبت کر دی گئی۔ جموں وکشمیر میں اسمبلی کی 90 نشستیں ہیں، جن میں سے کانگریس کو 32 سیٹوں پر امیدوار اتارنے کا موقع مل رہا ہے۔ نیشنل کانفرنس کو 51 نشستیں اور سی پی ایم و پینتھرس پارٹی کو 1-1 نشستیں حاصل ہوئی ہیں۔ بقیہ 5 نشستوں پر دوستانی لڑائی کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ مرکز کے زیر انتظام اس خطہ میں نیشنل کانفرنس کے مقابلے کانگریس کو کم سیٹیں ضرور حاصل ہوئی ہیں، لیکن پارٹی مضبوط امیدوار اتارنے کے لیے پرعزم ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ سیٹوں پر جیت حاصل ہو سکے۔ بہرحال، سیٹوں کی تقسیم ہونے کے بعد فاروق عبداللہ نے کہا کہ ہم نے سازش رچنے والی طاقتوں کے خلاف لڑائی شروع کر دی ہے اور انڈیا اتحاد اسی کے لیے بنایا گیا تھا۔ آج کی میٹنگ خیر سگالی والے ماحول میں ہوئی۔ بی جے پی نے کشمیر کے انتخاب میں خلل ڈالنے کی کوشش کی، لیکن انڈیا اتحاد اور ہم جموں وکشمیر کو بچانے کے لیے حکومت بنانے کی کوشش کریں گے۔ کانگریس جنرل سکریٹری کے سی وینوگوپال کا بیان بھی سامنے آیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ جموں وکشمیر میں ہم ایک ساتھ لڑائی لڑیں گے اور ہم وہاں حکومت بھی تشکیل دیں گے۔ بی جے پی نے پہلے پی ڈی پی کے ساتھ اتحاد کیا تھا، جبکہ کانگریس پہلے بھی نیشنل کانفرنس کے ساتھ تھی اور اب بھی اس کے ساتھ ہے۔ بی جے پی نے جموں وکشمیر کو مرکز کے زیر انتظام خطہ بنا کر وہاں کے لوگوں کو دھوکہ دیا ہے۔ واضح رہے کہ جموں وکشمیر اسمبلی انتخاب کے پیش نظر کانگریس اور نیشنل کانفرنس کے اتحاد نے سیٹوں کی تقسیم کا مرحلہ طے پا لیا ہے۔ کانگریس اور نیشنل کانفرنس کے درمیان 85 سیٹوں پر معاہدہ طے پایا ہے، جبکہ 5 سیٹوں پر دوستانہ مقابلہ کا اعلان کیا گیا ہے۔

مولانا سید ضیا حسین جعفری عاشور خانہ خلوت مبارک میں اربعین کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے

رانی بازار واقع مندر کی مورتی سے چھیڑ چھاڑ

تریپورہ۔ 26/ اگست (ایجنسی) تریپورہ میں ایک طرف تباہناک سیلاب سے لوگ بے حال ہیں، اور دوسری طرف رانی بازار علاقہ کے ایک مندر میں مورتی کے ساتھ ہوئی چھیڑ چھاڑ کے ایک معاملے میں کشیدگی والی حالت پیدا ہو گئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مندر میں مورتی کے ساتھ مبینہ چھیڑ چھاڑ سے ناراض کچھ نامعلوم افراد نے 12 گھروں اور کچھ گاڑیوں کو نذرِ آتش کر دیا ہے۔ پولیس نے پیر کے روز اس حادثہ کے بارے میں جانکاری دی اور کہا کہ موجودہ حالات کو پیش نظر رکھتے ہوئے علاقے میں کثیر سیکورٹی فورسز کی تعیناتی کی گئی ہے۔ عینی شاہدین کا کہنا ہے کہ بھیڑ کو دیکھ کر لوگ خوف کے سبب اپنے اپنے گھروں میں چلے گئے۔ گھروں کو نذرِ آتش کرنے والوں کی شناخت اب تک نہیں ہو سکی ہے۔ اسسٹنٹ انسپکٹر جنرل) قانون وانتظام (انت داس کا اس واقعہ کے تعلق سے کہنا ہے کہ رانی بازار میں کالی ماں کی مورتی سے چھیڑ چھاڑ کے بعد اتوار کی شب کچھ بدمعاشوں نے 12 گھروں میں آگ لگا دی۔ کچھ گاڑیوں اور موٹر سائیکل کو بھی آگ کے حوالے کر دیا گیا۔ اس واقعہ میں اب تک کسی ہلاکت کی خبر سامنے نہیں آئی ہے۔ انت داس کا کہنا ہے کہ علاقے میں کشیدگی کم کرنے کے لیے سیکورٹی فورسز کی تعیناتی کی گئی ہے۔ پولیس ڈائریکٹر جنرل) خفیہ (انوراگ دھنکھڑ اور مغربی تریپورہ کے پولیس سپرنٹنڈنٹ کرن کمار نے جائے وقوع کا دورہ بھی کیا اور حالات کا جائزہ لیا۔ بتایا جا رہا ہے کہ ملکیت کو ہوئے نقصان کا جائزہ لینے کے بعد پولیس از خود نوٹس لیکر معاملہ درج کریگی۔ فی الحال حالات قابو میں ہیں۔ ٹپر اموتھا سپریمو پردیوت کشور مانکیہ دیب برمانے اس واقعہ پر فکر کا اظہار کیا اور سبھی سے نظام قانون بنائے رکھنے کی انھوں نے اپیل کی ہے۔

خاتون کے اوپر سے گزر گئی ٹرین!

حیدرآباد، 26 اگست (سفیر نیوز) سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو وائرل ہو رہی ہے، جس میں ٹرین ایک خاتون کے اوپر سے گزرتی ہوئی نظر آ رہی ہے۔ حیران کن بات یہ ہے کہ اس دوران خاتون کو ایک بھی خراش نہیں آئی، ویڈیو میں خاتون ریلوے ٹریک پر لیٹی ہوئی نظر آتی ہے اور مال ٹرین کے کئی ڈبے اس کے اوپر سے گزر رہے ہیں۔ یہ ویڈیو تلنگانہ کے وقار آباد ضلع کے نوندگی کے ایک سنگم کا ہے۔ معلومات کے مطابق خاتون اپنے دوست کے ساتھ پٹری عبور کر رہی تھی کہ اس کا پاؤں پھسل گیا اور وہ گر گئی۔ مال گاڑی کو آتے دیکھ کر خاتون جان بچانے کے لیے پٹری پر لیٹ گئی۔ جب تک مال گاڑی اوپر سے گزرتی رہی، خاتون پٹری پر پھنسی رہی اور کوئی حرکت نہیں کی۔ تاہم جب خاتون نے سر اٹھانے کی کوشش کی تو ویڈیو بنانے والے شخص نے اسے ایسا نہ کرنے کو کہا۔ مرد کی نصیحت پر عمل کرتے ہوئے مال گاڑی کے جانے کے بعد ہی خاتون پٹری سے اٹھی۔ خاتون کا دوست بھی دور سے یہ واقعہ دیکھ رہا تھا اور ٹریک کے دوسری طرف اس کا انتظار کر رہا تھا۔

حکومت نے لوگوں سے فرضی ای میلز اور ای نوٹس سے ہوشیار رہنے کی اپیل کی

نئی دہلی، 26 اگست (اے یو ایس) جعلی ای میل اور فرضی ای نوٹس سے متعلق دھوکہ دہی کے بڑھتے ہوئے واقعات کے پیش نظر حکومت نے ایک بار پھر لوگوں کو خبردار کیا ہے کہ وہ اس طرح کے جعلی میل اور ای نوٹس سے ہوشیار رہیں اور ان کا جواب دینے کے بجائے فوری طور پر سائبر کرائم کوآرڈینیشن سینٹر کی ویب سائٹ پر اس کی شکایت کریں۔ سائبر کرائم میں ملوث شاطر سازش کرنے والے نہ صرف عام لوگوں کو نشانہ بناتے ہیں بلکہ وہ اس طرح کی جعلی میل بھیج کر وزارت داخلہ کی مختلف تفتیشی ایجنسیوں سے وابستہ لوگوں کو بھی دھوکہ دے رہے ہیں۔ اس کے پیش نظر حکومت وقتاً فوقتاً لوگوں کو ایڈوائزری اور وارننگ جاری کرتی رہتی ہے، جس میں لوگوں سے اپیل کی جاتی ہے کہ وہ اس طرح کے جعلی میل اور ای نوٹس سے ہوشیار رہیں۔ سرکاری سیکیورٹی مشینری نے ایک بار پھر کہا ہے کہ سائبر فراڈ کرنے والے جعلساز لوگوں کو مختلف تحقیقاتی ایجنسیوں کی مہر کے ساتھ ان کے لیٹر پیڈ پر جعلی ای میل اور ای نوٹس بھیج کر ان پر 'چائلڈ پورنوگرافی'، بچوں کے جنسی استحصال اور پورنوگرافی جیسے کاموں میں شامل ہونے کا الزام لگا رہے ہیں۔ ان جعلی ای نوٹس اور ای میلز کے ذریعے ان لوگوں کو سزا دینے کی دھمکیاں دے کر ان سے رقم بٹوری جا رہی ہے۔ نوٹس میں کہا جاتا ہے کہ آپ آئندہ 24 گھنٹے میں ان کی ہدایت کے مطابق تعاون کریں بصورت دیگر ان کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی اور انہیں گرفتار کر لیا جائے گا۔ تفتیشی ایجنسیوں کا کہنا ہے کہ لوگوں کو اس طرح کے میلز اور نوٹسز کا جواب نہیں دینا چاہیے اور فوری طور پر تحقیقاتی ایجنسیوں کو آگاہ کرنا چاہیے۔ ان کا کہنا ہے کہ تفتیشی ایجنسی کبھی بھی ایسی ای میل یا ای نوٹس نہیں بھیجتی ہے۔ اس طرح کی میل یا نوٹس موصول ہونے پر، لوگوں کو تفتیشی ایجنسی کو فون کرنا چاہیے اور پوچھنا چاہیے کہ کیا یہ درست ہے کہ انہیں ایسی میل موصول ہوئی ہے۔ اس طرح کے میل موصول ہونے پر لوگ سائبر کرائم ہیلپ لائن نمبر 1930، انڈین سائبر کرائم کوآرڈینیشن سینٹر کی ویب سائٹ، یا قریبی پولیس اسٹیشن یا پولیس کنٹرول روم پر شکایت کر سکتے ہیں۔

سابق ایم ایل اے اسلم چودھری کو بھتہ مانگنے کے الزام میں کیا گرفتار

غازی آباد، 26 اگست (اے یو ایس) اتر پردیش کی غازی آباد پولیس نے بی ایس پی کے سابق ایم ایل اے اسلم چودھری کو بھتہ مانگنے کے الزام میں گرفتار کیا ہے۔ ان پر دو کروڑ روپے بھتہ طلب کرنے کا الزام ہے۔ 7 ستمبر 2022 کو اسلم نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ جعلی معاہدے کے ذریعے کروڑوں کی زمین پر قبضہ کرنے کی کوشش کی تھی۔ اس نے قبضہ چھوڑنے کے عوض زمین کے مالک عادل رضا سے 2 کروڑ روپے بھتہ طلب کیا تھا۔ ان کے خلاف ایم پی ایم ایل اے کورٹ میں 2022 سے کیس چل رہا تھا۔ گزشتہ سال 3 ستمبر کو پولیس کمشنر نے معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے رپورٹ درج کرائی تھی۔ اس کی بنیاد پر پولیس نے چارج شیٹ داخل کی۔ عدالت نے سابق ایم ایل اے اسلم چودھری، ان کے ساتھیوں جنید ٹاٹا اور زبیر ٹاٹا کے خلاف ناقابل ضمانت وارنٹ جاری کیا تھا۔ اسلم چودھری نے 12 بیگھہ اراضی کا جعلی معاہدہ کر کے مقدمہ دائر کیا تھا۔ 7 جولائی 2022 کو اسلم چودھری اپنے بیٹے شاہنواز اور تین ساتھیوں کے ہمراہ موقع پر پہنچے اور زمین پر قبضہ کرنے کی کوشش کی۔ اس کی اطلاع ملنے پر زمین کے مالک عادل راجہ نے احتجاج کیا۔ اسلم چودھری اور ان کے بیٹے شاہنواز پر عادل راجہ اور ان کے اہل خانہ کو جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے اور 2 کروڑ روپے بھتہ مانگنے کا الزام ہے۔ اس سے پہلے کہ پولیس موقع پر پہنچتی اسلم چودھری ساتھیوں سمیت فرار ہو گیا۔ یہ سارا واقعہ سی سی ٹی وی کیمرے میں ریکارڈ ہو گیا۔ اس کے بعد پولیس کمشنر نے معاملے میں مداخلت کرتے ہوئے اسلم چودھری اور ان کے ساتھیوں کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ واضح رہے کہ اتر پردیش کی غازی آباد پولیس نے بی ایس پی کے سابق ایم ایل اے اسلم چودھری کو بھتہ مانگنے کے الزام میں گرفتار کیا ہے۔ ان پر دو کروڑ روپے بھتہ طلب کرنے کا الزام ہے۔

دہلی: ایل جی صاحب کی چوری پکڑی گئی

نئی دہلی۔ 26/ اگست (ایجنسی 9 راجدھانی دہلی میں ایک بار پھر درخت کاٹنے کے معاملے نے زور پکڑ لیا ہے۔ عآپ اس ایشو کو لے کر لگاتار دہلی کے ایل جی پر حملہ آور ہے۔ دہلی حکومت کے وزیر سورب بھاردواج نے الزام عائد کیا ہے کہ ڈی ڈی اے کے ایک ای میل سے دہلی کے ایل جی ایکسپوز ہو گئے ہیں، اب انھیں استعفی دے دینا چاہیے۔ سورب بھاردواج کا کہنا ہے کہ سردیاں آتے ہی پورے شمالی ہند میں آلودگی کی سطح بڑھ جاتی ہے۔ یہ اتراکھنڈ، ہماچل پردیش اور اتر پردیش میں بھی ہو رہا ہے۔ دہلی میں بی جے پی کے ذریعہ بٹھائے گئے ایل جی نے رِج علاقہ میں 1100 درخت کٹوائے ہیں۔ مرکز کی ڈی ڈی اے کے ساتھ جس ٹھیکیدار نے درخت کاٹے، اس کے حلف نامہ سے صاف ہو گیا ہے کہ ایل جی کے حکم پر درخت کاٹے گئے۔ سورب بھاردواج نے کہا کہ ڈی ڈی اے کے ذریعہ جس کمپنی کو وہاں سڑک تعمیر کا ٹھیکہ دیا گیا، اس نے سپریم کورٹ میں داخل حلف نامہ میں کہا ہے کہ ڈی ڈی اے کی طرف سے حکم آیا کہ 3 فروری 2024 کو ایل جی نے وہاں کا دورہ کیا اور درختوں کو کاٹنے کا حکم دیا۔ اس کے بعد بھی درختوں کو کاٹا نہیں گیا تو 14 فروری 2024 کو دوبارہ ای میل سے حکم آتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ ایل جی صاحب نے اس سڑک کی تعمیر میں رخنہ بن رہے درختوں کو کاٹنے کا حکم دیا ہے۔ ڈی ڈی اے اور محکمہ جنگلات کو معلوم تھا کہ 13 فروری تک ان درختوں کو کاٹنے کی اجازت نہیں ہے۔ اس کے بعد محکمہ جنگلات کا فوریسٹ رینجر موقع پر پہنچتا ہے اور درختوں کو کاٹنے سے روک دیتا ہے۔ سبھی افسران اور محکموں کو اس بات کی جانکاری تھی کہ ان درختوں کو کاٹنے کی اجازت نہیں ہے۔ سورب بھاردواج نے کہا کہ اس کے بعد اوپر سے دباؤ آنے پر 14 فروری کو محکمہ جنگلات نے ان درختوں کو کاٹنے کا زبانی حکم دے دیا۔ بھاردواج نے بی جے پی اور ایل جی کو دہلی کا سب سے بڑا دشمن بتایا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ایل جی کی چوری اب پکڑی گئی ہے، ایل جی صاحب نے دہلی کی عوام اور سپریم کورٹ کو گمراہ کیا ہے۔

Bismillah Hir Rahman Nir Raheem
Allahumma Salli `ala Mohammad wa alae Mohammad

QADEEM MAJLIS-E-CHEHLUM
SHOUHADA E KARBALA [A.S.]
On: 21 Safar 1446 Hijri –
Tuesday, 27th August 2024.
In sha Allah At: 7.15 P.M. SHARP
3-6-22, Jet House, Shaheed Yar Jung Road,
Street No. 19, Himayatnagar [Basheer Bagh],
Vijaya Diagnostic Center Road, Hyderabad.
Adaban Shirkat Karne ka Maruza
SYED SHAHEED ALI [Babu]
S/o. Marhum Syed Abbas Ali [Shaheedi].

ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر و مالک سید جعفر حسین نے روزنامہ 'صدائے حسینی' کو سری شیشائی انٹر پرائزیز، پلاٹ نمبر 19، آئی ڈی اے، بالانگر، آر آر ڈسٹرکٹ، تلنگانہ 037 500 (انڈیا) سے چھپوا کر 18-7-306/146، امان نگر (اے) سے شائع کیا۔ رجسٹرڈ نمبر: RNI No.APURD/2009/30780، پوسٹل رجسٹریشن نمبر HSE/910/213/215۔